دوستوں کو کھانا کھلانے کی منت کا حکم

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-13268

تاریخ اجراء: 29 رجب المرجب 1445ھ/10 فروری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید نے زبان سے الفاظ ادا کرتے ہوئے یہ منت مانی کہ اگر میرا فلاں کام بن گیا، تو میں اپنے دوستوں کو کھانا کھلاؤں گا، پھر وہ کام بن گیا، تو کیا زید پر کھانا کھلانا لازم ہو جائے گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ایسے دوستوں کو کھانا کھلانے کی منت مانی جن میں امیر و غریب دونوں شامل ہوں، تو ان کو کھلانے کی منت، منتِ شرعی نہیں، اس لئے کام ہو جانے پر دوستوں کو کھانا کھلانا شرعی طور پر واجب نہ ہو گا البتہ بہتر یہی ہے کہ جب کام ہو جائے، تو کھانا کھلا دیا جائے۔ ہاں اگر دوستوں سے خاص ایسے افراد مراد ہوں جو فقرا یا مساکین ہوں، تو اب کام ہونے کی صورت میں اس منت کو پورا کرتے ہوئے کھانا کھلانا واجب ہو جائے گا۔

البحر الرائق میں ہے: ”لو قال: إن قدم غائبي فلله علي أن أضيف هؤلاء الأقوام وهم أغنياء لا يصح“ یعنی اگر یوں کہا: اگر میرا گم شدہ شخص آ گیا، تو اللہ کے لئے مجھ پر لازم ہے کہ میں ان لوگوں کو کھانا کھلاؤں اور وہ لوگ غنی ہیں، تو یہ شرعی منت نہیں۔ (البحر الرائق، جلد4، صفحہ322، مطبوعہ: بیروت)

تاتارخانیہ میں ہے: ”لو قال: ان قدم غائبی فللہ علی ان اضیف ھذا القوم المعلومین ینظر ان کانوا اغنیاء لا یصح وان کانوا فقراء یصح“ یعنی اگر کہا: میرا گم شدہ شخص آ گیا، تو اللہ کے لئے مجھ پر لازم ہے کہ میں اس معلوم قوم کو کھانا کھلاؤں گا، تو دیکھا جائے گا اگر وہ اغنیا ہیں، تو یہ شرعی منت نہیں ہو گی اور اگر وہ فقرا ہیں، تو شرعی منت ہو گی۔ (فتاوی تاتارخانیہ، جلد2، صفحہ70، مطبوعہ: بیروت)

فتاوی رضویہ میں سوال ہوا: ”زید نے نذر مانی کہ اگر میرا فلاں کام ہو جائے گا، تو میں اپنے احباب کو کھانا کھلاؤں گا، تو کیا اس طرح کی منت ماننا اور اس کا ادا کرنا زید پر واجب ہو گا یا نہیں؟“

اس کے جواب میں امامِ اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”یہ کوئی نذرِ شرعی نہیں، وجوب نہ ہو گا اور بجالانا بہتر، ہاں اگر احباب سے مراد خاص معین بعض فقراء و مساکین ہوں، تو وجوب ہو جائے گا“ (فتاوی رضویہ، جلد13، صفحہ584، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net